رہبر معظم کا حجۃ الاسلام والمسلمین زرندی کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 28 /May/ 2014

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے عالم مجاہد حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ حاج شیخ حسین معصومی زرندی کے انتقال پر تعزیتی پیغمام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عالم مجاہد حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ حاج شیخ حسین معصومی زرندی رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پر مرحوم کے خاندان ، پسماندگان، شاگردوں ، ارادتمندوں اور کرمانشاہ کے انقلابی عوام کو تعزیت پیش کرتا ہوں ۔اس بزرگ عالم دین نے انقلاب سے قبل طویل عرصہ تک اور دفاع مقدس کے دوران اسلامی جمہوریہ ایران کی خدمت اور اس کے اعلی اور نورانی اہداف کے لئے بہت زیادہ زحمات اور مشکلات کو برداشت کیا۔ اللہ تعالی سے مرحوم کے لئے رحمت و مغفرت طلب اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لئے دعات کرتا ہوں ۔

سید علی خامنہ ای

7 خرداد 1393